سوال

(876) فرائض ۔ شرائط اور سنن میں کیا فرق ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فرائض ۔ شرائط اور سنن میں کیا فرق ہے ؟ محمد حسن عسکری کراچی

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

:(۱) فرض کا معنی : ''فَالْوَاجِبُ فِی الْاِصْطِلَاحِ مَا یُمْدَحُ فَاعِلُہٗ وَیُذَمُّ تَارِکُہٗ عَلٰی بَعْضِ الْوُجُوْہِ وَیُرَادِفُہٗ الْفَرْضُ عِنْدَ الْجُمْہُوْرِ انتہی مقتصراً'' 1۔ تو واجب اصطلاح میں اس چیز کو کہتے ہیں جس کو کرنے والا ممدوح (ثواب پانے والا) اور چھوڑنے والا مذموم (گناہ پانے والا) ہو بعض صورتوں میں اور فرض اکثر کے ہاں واجب کا مترادف اور ہم معنی ہے ۔

(۲) شرط کا معنی : ''وَحَقِیْقَةُ الشَّرْطِ ہُوَ مَا کَانَ عَدَمُہٗ یَسْتَلْزِمُ عَدَمَ الْحُکْمِ'' 2 شرط وہ چیز ہے جس کے نہ ہونے سے حکم کا نہ ہونا لازم آئے الخ

(۳) سنت کا معنی : 'وَالْمَنْدُوْبُ مَا یُمْدَحُ فَاعِلُہٗ وَلاَ یُذَمُّ تَارِکُہٗ، وَیُقَالُ لَہٗ : مُرَغَّبٌ فِیْہِ وَمُسْتَحَبٌّ وَنَفْلٌ وَتَطَوُّعٌ وَإِحْسَانٌ وَّسُنَّةٌ ۔ انتہی مقتصرا'' 3 اور مندوب وہ ہے جس کو کرنے والا ممدوح (ثواب پانے والا) ہو اور چھوڑنے والا مذموم (گناہ پانے والا) نہ ہو اس مندوب کو مرغب فیہ ، مستحب ، نفل ، تطوع ، احسان اور سنت بھی کہا جاتا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

1 ارشاد الفحول الفصل الثانی فی الاحکام 2 ارشاد الفحول الفصل الثانی فی الاحکام 3 ارشاد الفحول

نوٹ : فرض ، شرط اور سنت کے مذکورہ بالا معانی سے ان تینوں کا باہمی فرق واضح ہے ۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل](#)

جلد01ص560

محدث فتویٰ